قاضی محمد عبید اللہ انصاری احرار مرحوم مغفور محبت پوری تحصیل میلسی ضلع وہاڑی کی بیوہ اور محمد عبد الہادی انصاری مخدوم رشید (ملتان) کی ہمشیرہ ۱۳ مئی ۱۹۹۷ء کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ ہمارے مہربان ماسٹر سعید [illegible] انصاری صاحب کی بھی عزیزہ تھیں۔

مولانا مفتی غلام مرتضیٰ صاحب کی شہادت

مسجد عثمانیہ جیجا وطنی کے خطیب مولانا منظور احمد کے ہم زلف، جامعہ اشرفیہ شاہکوٹ کے مدرس اور مسجد علی فیصل آباد کے خطیب مولانا غلام مرتضیٰ ۲۳ مئی ۱۹۹۷ء کو فیصل آباد میں شہید کر دیئے گئے۔ وہ نماز جمعہ پڑھا کر مسجد سے باہر نکل رہے تھے کہ دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے انہیں شہید کر دیا۔ مولانا شہید کے اہل خانہ اور مولانا منظور احمد کیلئے یہ شدید صدمہ ہے۔ اراکین ادارہ مولانا کے تمام پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعاء کرتے ہیں اور اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مولانا شہید کے درجات بلند فرمائے (آمین)

مولانا عبد الہادی مرحوم:

حضرت مولانا محمد احمد (شیخوپورہ) کے فرزند گرامی مولانا عبد الہادی گزشتہ ماہ رحلت فرماگئے۔

محمد اسلم بٹالوی مرحوم:

مجلس احرار اسلام لاہور کے قدیم کارکن محترم محمد اسلم ناز بٹالوی ۲۶ مئی ۱۹۹۷ء کو علی الصبح دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ وہ تقسیم ملک سے قبل ہی مجلس احرار اسلام سے وابستہ ہوگئے تھے۔ اور تادم آخر جماعت کے ساتھ عہد وفا نبھاتے رہے۔ مرحوم ایک متحرک ایثار پیشہ اور جماعتی زندگی میں بالغ نظری سے کام لینے والے صالح انسان تھے۔ حق تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے (آمین)

سید محمد ریاض شاہ صاحب کو صدمہ:

مدیر نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری کے پھوپھی زاد سید محمد ریاض شاہ بخاری کے نو عمر فرزند سید منیب الرحمن ۲۵ مئی بروز اتوار مختصر علالت کے بعد پسرور میں انتقال کر گئے۔

اظہار ہمدردی و دعاء مغفرت

مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالا کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت محمد عبد الرحمن جامی نقشبندی منعقد ہوا۔ اجلاس میں۔ قاری عبد الرحیم فاروقی۔ حبیب اللہ جاوید۔ حسن معاویہ ابو فہد ملک اشفاق احمد۔ ملک جنید احمد ضیاء۔ ماسٹر عبد الغفور نقشبندی،۔ حکیم عبد الحمید صابر، مولانا عمر زکریا نقشبندی، مولانا محمد عثمان یحییٰ۔ خان وقار الحق خان گھلو۔ ملک غلام حسین، حسین احمد نقشبندی۔ قاری عبد الغفار نقشبندی نے ممتاز عالم دین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبد الحق چوہان رحمتہ اللہ علیہ، مولانا قاری ظہور الرحیم کی پھوپھی صاحبہ کی وفات پر گہرے غم کا اظہار کیا ہے۔ دعا ہے اللہ کریم دونوں مرحومین کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازیں۔ آمین۔

ادارہ "نقیب ختم نبوت" کے تمام ارکان و معاونین ان سب بزرگوں کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا گو اور ان کے جملہ منتسبین و متعلقین کے غم میں شریک ہیں۔